گھر پر دی جانے والی کووڈ-19 ویکسینیشن اور بوسٹرز کی مدد، جدید رسائی اور طبی مساوات

ریاست واشنگٹن کے تقریباً 30 قیصد رہائشیوں کو کووڈ-19 کے خلاف مکمل ویکسین یافتہ تصور نہیں کیا جاتا۔ ڈیٹا سے ظاہر ہوتا ہے کہ ویکسینیشن وائرس سے بچاتی ہے۔ اگر آپ کو وائرس لگ جائے تو ویکسینیشن شدید مرض اور موت کا خطرہ گھٹا دیتی ہے اور وائرس سے متعلقہ ہسپتال میں داخلے کم سے کم کرنے میں مدد دیتی ہے۔ ضروری ہے کہ آپ ابتدائی ویکسین سیریز اور بوسٹر خوراک لگوائیں تاکہ کووڈ-19 کے نئے متغیرات کے خلاف آپ کا مدافعتی ردعمل برقرار رہ سکے۔ درج ذیل چارٹ میں بوسٹرز کی موجودہ تجویز ظاہر کی گئی ہے:

پرائمری سیریز میں لگوائی گئی ویکسین	ویکسین بوسٹرز کے لئے مجاز عمر	آخری ابتدائی خوراک (بشمول اضافی خوراک، جب قابل اطلاق ہو) اور بوسٹر خوراک	خوراکوں کی تعداد
Pfizer-BioNTech	≤ 12 سال	≤ 5 ماہ	1
Moderna	≤ 18 سال	≤ 5 ماہ	1
Janssen	≤ 18 سال	≤ 2 ماہ	1

اپنے اور ویکسین نہ لگوا سکنے والوں کے تحفظ میں مدد دیں۔ گھر میں محصور اکثر افراد روزمرہ کی ضروریات کی فراہمی میں مدد کے لئے دوسرے افراد پر انحصار کرتے ہیں اور ان کے گھروں میں باقاعدگی سے لوگ آتے ہیں ۔ انہیں دیگر غیر ویکسین یافتہ افراد سے وائرس کا سامنا ہونے کا خطرہ رہتا ہے یا نادانستہ طور پر کمیونٹی سے وائرس منتقل ہو سکتا ہے۔

اگر آپ یا آپ کے جاننے والوں میں سے کوئی گھر میں محصور ہے اور اسے کووڈ-19 ویکسین یا بوسٹر سے ضرورت ہے تو آج ہی درج ذیل میں سے ایک اختیار استعمال کرتے ہوئے اس کی درخواست کریں:

- گھر میں محصور افراد کے لئے ویکسینیشن کی خدمات حاصل کرنے کے لئے اپنے مقامی طبی دائرہ کار کو فون کریں۔
- ریاستی کووڈ-19 امدادی ہاٹ لائن کو کال کر کے بتائیں کہ آپ کو گھر میں محصور فرد کے لئے ویکسینیشن کی خدمات کی ضرورت ہے۔ 1-800-525-0127 یا 1-888-856-5816 ڈائل کریں، پھر # دبائیں۔ **زبانی ترجمہ دستیاب ہے!**
- ذیل میں دیا گیا آن لائن رجسٹریشن فارم مکمل کریں تاکہ آپ کو دستیاب کاؤنٹی اور/یا ریاستی موبائل ویکسین ٹیموں سے منسلک کیا جا سکے، جو کہ گھر میں محصور افراد کے لئے ویکسینیشن کی خدمات کا انتظام یا فراہم کرتے ہیں۔

Department of Health (DOH، محکمۂ صحت) گھر پر دی جانے والی ویکسین کی درخواست کے سروے کا لنک: https://redcap.link/WA_HomeBasedVax (انگریزی)

اگر اس سروس کے متعلق آپ کے سوالات ہیں تو براہ مہربانی ای میل کریں: covid.vaccine@doh.wa.gov۔

پروگرام کی سرگزشت

مارچ 2021 میں Department of Health (DOH، محکمۂ صحت) نے گھر میں محصور افراد کو ویکسینیشن فراہم کرنے کا آغاز کیا۔ DOH کا گھر پر دی جانے والی ویکسین کی درخواست کا سروے (انگریزی) میں ریاست واشنگٹن کی تمام 39 کاؤنٹیز کا احاطہ کیا گیا ہے۔ علاقے کے ویکسینیٹرز ضرورت مند افراد کو بنیادی مامونیت اور بوسٹر خوراکیں فراہم کرنے کے لئے رسائی اور خدمات کی فراہمی جاری رکھے ہوئے ہیں۔ اضافی زبانوں میں گھر میں محصور افراد کے لئے ویکسینیشن کی خدمات کی درخواست دینے کے لئے کووڈ-19 امدادی ہاٹ لائن کو کال کی جا سکتی ہے (1-800-525-0127 یا 1-888-856-5816 ڈائل کریں)، پھر زبان کی معاونت کے لئے # دبائیں۔

ویکسین کی مساوات میں اضافہ

گھر میں محصور افراد کے لئے ویکسینیشن کی خدمات ریاست کے ان علاقوں میں کووڈ-19 ویکسینز فراہم کرتی ہیں جہاں شاید بصورت دیگر ویکسینیشن دستیاب نہ ہو۔ ان خدمات کا مقصد صحت کی مساوات میں اضافہ کرنا ہے اور درج ذیل حالات میں مبتلا افراد کو کووڈ-19 ویکسین تک رسائی فراہم کرتا ہے:

- گھر سے نکلنے، قطار میں کھڑے ہونے یا چلنے پھرنے کے قابل نہیں
- جسمانی یا شعوری معذوریوں میں مبتلا
- رسائی محدود کرنے والی ذہنی صحت کی کیفیات میں مبتلا

گھر میں محصور ویکسینز ریاست کے ان علاقوں میں صحت کی مساوات میں بہتری لاتی ہیں جنہیں ویکسین کے صحرا کہا جاتا ہے۔ ویکسین کا صحرا وہ علاقہ ہوتا ہے جہاں درج ذیل میں سے ایک درست ہو:

- کوئی ویکسین کے مقامات نہ ہوں۔
- کوئی طبی معالج ویکسین نہ لگا رہے ہوں۔
- جغرافیائی علاقے اور موجودہ آبادی کی خدمت میں چند فراہم کنندگان دستیاب ہوں

عوامی سطح پر موجود ویکسینیشن کی خدمات دستیاب نہ ہوں یا ان مقامات میں ان تک رسائی مشکل ہو۔ گھر میں محصور افراد کے لئے ویکسینیشن کی سروس ریاست کے رسائی میں مشکل جغرافیائی علاقوں اور آبادی سے دور علاقوں میں رہنے والے افراد کو پیش آنے والے رسائی کے مسائل ختم کر دیتی ہے۔

موبائل ویکسین خدمات افراد کو ان کے گھروں میں براہ راست جان بچانے والی ویکسین تک رسائی فراہم کرنے میں مدد دیتی ہیں۔ یہ سروس براہ راست ان علاقوں پر مرکوز ہے جنھیں سماجی کمزوری کے بڑے اشاریے کے باعث جانا جاتا ہے، جس سے ممکنہ طبی عدم مساوات ظاہر ہوتی ہے۔ واشنگٹن میں رہائش سے بالاتر ہو کر لوگ سروے کے ذریعے مامونیت کی درخواست کر سکتے ہیں۔

کیا کووڈ-19 ویکسین کے علاوہ کوئی گھر پر دی جانے والی خدمات دستیاب ہیں؟

فی الحال موبائل نرس ٹیمیں صرف کووڈ-19 مامونیت کی ویکسین فراہم کر سکتی ہیں۔ اس وقت فلو ویکسین اور دیگر ممکنہ خدمات، جیسا کہ لیبارٹری کے لئے خون لینا، دستیاب نہیں۔

موبائل ٹیم سروس ان علاقوں میں طبی مساوات بڑھانے میں مدد کے لئے دستیاب ہے جن میں کووڈ-19 سے موت اور ہسپتال میں داخلے کا زیادہ خطرہ موجود ہے۔ براہ مہربانی کسی ایسے شخص کے لئے سروے مکمل کرنے پر غور کریں جسے آج کووڈ-19 ویکسین تک رسائی کی ضرورت ہے۔

درخواست جمع کروانے کے بعد کیا توقع کی جا سکتی ہے؟

DOH ہر ہفتے فارم جمع کرتا ہے اور انہیں رہائشی کے مقامی طبی دائرہ کار کو بھیج دیتا ہے تاکہ رسائی اور کاروائی ہو سکے۔ مقامی طبی دفتر کا عملہ مامونیت کی موبائل ٹیم سے رابطہ کرے گا۔ اگر مقامی عملۂ صحت گھر میں محصور ویکسینیشن کے لئے تعاون نہ کر سکے تو وہ مدد کے لئے DOH سے تعاون کریں گے۔

ترجمے کی ضرورت پوری کرنے کے لئے فاصلے سے ترجمے کی سروس دستیاب ہو گی۔ اگر مقامی صحت عامہ کا دفتر مدد نہ کر سکے تو دفتر DOH سے مدد طلب کر سکتا ہے۔ مامونیت کی موبائل ٹیم درخواست گزار سے رابطہ کر کے گھر پر دی جانے والی کووڈ-19 ویکسین کی مفت سروس کا وقت طے کرے گی۔

DOH 821-169 March 2022 Urdu

اس دستاویز کو کسی اور شکل میں حاصل کرنے کے لئے 1-800-525-0127 پر کال کریں۔ سماعت سے محروم یا اونچا سننے والے صارفین، براہِ کرم 711 (Washington Relay) پر کال کریں یا civil.rights@doh.wa.gov پر ای میل کریں۔

Washington State Department of Health